# 33613 ـ قربانى ذبح كرنے والے وكيل پرچاند نظر آنے كے بعد سرمنڈانے ميں كوئي حرج نہيں

**سوال**

جب كوئي شخص مجھے اپنى قربانى ذبح كرنے ميں وكيل بنائے توكيا چاندنظرآنے كےبعد ميرے ليےبال مونڈنے جائز ہيں ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

جى ہاں ايسا كرنا جائز ہے ، اس ليے كہ بال اورناخن كاٹنے كى حرمت توصرف قربانى كرنے والے ساتھ خاص ہے ، اورقربانى كرنے والے وہ ہے جس نے اپنے مال سے قربانى خريدى ہے ، اورجسے ذبح كرنے كا وكيل بنايا جائے اس پراس طرح كى كوئي چيز لازم نہيں آتى ۔

شيخ ابن باز رحمہ اللہ تعالى كہتے ہيں :

وكيلوں پركچھ نہيں كيونكہ وہ قربانى ذبح كرنے والے نہيں ہيں ، بلكہ قربانى والے تووہ ہيں جنہوں نے انہيں وكيل بنايا ہے يعنى ان كے موكل ۔ اھـ

ديكھيں : فتاوى اسلامية ( 2 / 316 ) ۔

واللہ اعلم .